media release

برائے فوری اجراء

2020 نیو ایئرز لیوی کے موقع پر میئر پیٹرک براؤن اور کونسل کے اراکین کے ساتھ شامل ہو جائیں

برامپٹن، آن (20 دسمبر 2019) – برامپٹن کے معزز رہائشیوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ نئے عشرے کا آغاز کرنے کے لیے نیو ایئرز لیوی کے موقع پر میئر پیٹرک براؤن اور کونسل کے اراکین کے ساتھ شامل ہو جائیں۔

لیوی کی یہ شاندار تقریب مورخہ 2 جنوری، بروز جمعرات سٹی ہال آٹریم میں شام 4 سے 7 بجے تک منعقد ہونے ہو گی۔

برامپٹن کی ایک پرانی روایت کے مطابق رہائشیوں کے سامنے میئر اور کونسلرز کو ایک جلوس کی شکل میں شہنائیوں کے ساتھ آگے لے کر جایا جائے گا اور ٹاؤن کرائیر (ڈھنڈورچی) کی جانب سے ان کا استقبال کیا جائے گا۔

گُھل مِل جائیں، میئر کے ساتھ تصویر بنائیں اور ہر عمر کے لوگوں کے لیے سجائی جانے والی اس دلچسپ تقریب کے دوران ریفریشمنٹس سے بھی لطف اندوز ہوں۔

اقتباس

"2020 محض ایک نیا سال ہی نہیں؛ یہ ایک نئے عشرے کا آغاز بھی ہے۔ ہم مل جل کی ہی برامپٹن کو ایک بہتر شہر بنا سکتے ہیں۔ میں تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اس پروقار تقریب میں ضرور شرکت کریں اور 2020 نیو ایئرز لیوی کے موقع پر مجھ سے اور اپنے کونسلرز کے ساتھ ملاقاتیں کریں!"

- *میئر پیٹرک براؤن*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca